
efu LIFE

JS BANK



# ای ایف یو
# سنہرا خواب پلان

آج کی سرمایہ کاری سے بچوں کے کل کو محفوظ بنائیں



# ای ایف یو سنہرا خواب پلان

والدین اپنے بچوں کی زندگی میں ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں اور اپنے بچوں کو ایک کامیاب مستقبل دینا چاہتے ہیں۔ اس مقصد کے حصول کے لئے والدین کو چاہیے کہ وہ اپنے بچے کی تعلیم اور شادی کے لئے ایک مکمل مالیاتی پیکیج بنانے کی منصوبہ بندی منظّم انداز میں کریں تاکہ ان کے بچے کو یقینی طور پر سب کچھ بہترین میسّر ہو سکے۔ ای ایف یو لائف اب آپ کے لئے پیش کرتا ہے سنہرا خواب، جو بیمہ انویسٹمنٹ لنکیڈ ہے اور زندگی کے اضافی فوائد کے ساتھ آپ کے بچوں کی تعلیم اور شادی کی مالی ضروریات کو تحفظ فراہم کرتا ہے اور آپ کو اپنی ضروریات کے مطابق فوائد منتخب کرنے کا اختیار بھی دیتا ہے۔

## پروڈکٹ کا اظہار

**اس زندگی کے بیمہ کی دو نمایاں خصوصیات یہ ہیں: انشورنس کا تحفظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری منسلک ہے یونٹ لنکڈ فنڈ (فنڈز) میں موجود اثاثہ جات کی کارکردگی سے**

## غور و فکر کا دورانیہ (فری لک پیریڈ)

**اگر آپ لکھی ہوئی پالیسی دستاویزات کی وصولی کے 14 دن کے اندر اپنی رکنیت منسوخ کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو آپ ای ایف یو لائف کے طبی/کلینیکل معائنہ جات کے سلسلے میں اٹھنے والے اخراجات منہاء کر کے، پریمیم کی مکمل ادائیگی کی واپسی کے اہل ہونگے۔**

## اہم تفصیلات

| | |
|---|---|
| عمر کی اہلیت | 18 سے 60 سال |
| کم از کم پلان کی مدت | 10 سال |
| زیادہ سے زیادہ پلان کی مدت | 25 سال |
| میچورٹی پر عمر کی حد | 75 سال |
| کم از کم پریمیم | 24,000 روپے سالانہ |
| اضافی اختیاری پریمیم | کم از کم 24,000 روپے |

## نشوونما کے لئے مواقع:

اس پلان میں ادا کیا جانے والا ہر پریمیئم ای ایف یو لائف کے منتخب کردہ کسی ایک یا دو سرمایہ کاری فنڈز میں لگایا جائے گا۔ یہ مکمل طور پر آپ کا فیصلہ ہوگا کہ اپنے سرمایہ کاری کے مقاصد کی بنیاد پر فنڈ کا انتخاب کریں۔

آپ درج ذیل یونٹ فنڈز میں سے انتخاب کر سکتے ہیں:

تمام فنڈز کی رسک پروفائیلنگ ان میں کی جانے والی سرمایا کاری کے تحت کی گی ہے

| فنڈز | |
|---|---|
| **ای ایف یو گارنٹیڈ گروتھ فنڈ** | **ای ایف یو مینیجڈ گروتھ فنڈ** * |
| فنڈ کی قسم: منی مارکٹ فنڈ | فنڈ کی قسم: بیلنسڈ |
| رسک پروفائل: کم | رسک پروفائل: درمیانی |
| مستحکم آمدنی فراہم کرنے والا سرمایہ کاری فنڈ جس میں یہ ضمانت دی جاتی ہے کہ فنڈ کی بولی قیمت (بِڈ پرائس) کبھی نیچے نہیں آئے گی۔ اسکا مقصد قلیل المیعاد قرضہ لینے والے مالیاتی اداروں میں سرمایہ کاری کے ذریعے سرمایہ کی مستحکم نشوونما ہے۔ | متوازن سرمایہ کاری کی حکمت عملی کے ساتھ سرمایہ کاری فنڈ ہے۔ اسکا ہدف حکومتی مالیاتی اداروں میں محتاط طریقے سے منتخب کردہ بلوچپ ایکویٹیز میں اور مختلف فکسڈ انکم سیکیورٹیز اور نقد میں سرما کاری کے ذریعے سرمائے میں مناسب فروغ اور مستحکم آمدنی کا حصول ہے۔ |
| **ای ایف یو ایگریسو فنڈ** | **ای ایف یو انکم گروتھ فنڈ** |
| فنڈ کی قسم: ایگریسو | فنڈ کی قسم: انکم فنڈ |
| رسک پروفائل: زیادہ | رسک پروفائل: کم |
| زیادہ آمدنی فراہم کرنے والے مالیاتی اداروں میں سرمایہ کاری کے مقصد سے وضع کیا جانے والی ایک سرمایہ کاری فنڈ۔ اس کا مقصد مارکیٹ کی متوقع تیزی کو مدنظر رکھتے ہوئے سرمائے کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا ہے۔ | ایک سرمایہ کاری فنڈ جس کا مقصد سیکیوریٹیز میں سرمایہ کاری کر کے مستحکم بڑھوتری حاصل کرنا ہے۔ اس کا ہدف حکومتی مالیاتے اداروں اور قرضہ دینے والی اعلیٰ معیاری مالیاتی اداروں میں سرمایہ کاری کے ذریعے سرمایہ کی مستحکم نشونما ہے |

**متعدّد فنڈز کی سہولت (ملٹپل فنڈز آپشن):** اس **سہولت** کے تحت، آپ پلان کے یونٹ سے منسلک دو فنڈز کے مرکب کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ فنڈز کو 10 فیصد کے ملٹپل کے تحت منتخب کیا جاسکتا ہے۔ اسکا مطلب ہے کہ فنڈز کو 10/90، 20/80، 30/70، 40/60 یا 50/50 میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

***ای ایف یو گارنٹیڈ گروتھ فنڈ خودکار طور پر منتخب کیا جائے گا**

## فوائد:

### کنٹینیوشن بینیفٹ:

پلان کی مدت کے دوران بیمہ شدہ والدین کی ناگہانی وفات کی صورت میں پہلے سے موجود وفات کے باوجود جاری رہنے والے فائدہ (کنٹینیوشن بینیفٹ) اس بات کو یقینی بنائے گا کہ پلان کی تکمیل کے وقت مطلوبہ فنڈ حاصل ہو جائے۔ ای ایف یو لائف بقایا بنیادی پریمیئم کی رقم پلان میں جمع کرتا رہے گا تاکہ سرمایہ کاری بلاتعطّل جاری رہے۔ یہ اس بات کی ضمانت ہے کہ والدین کی غیرموجودگی کے باوجود بیٹے یا بیٹی کی شادی کے لئے مطلوبہ رقم موجود ہو۔

### اضافی بونس (اینہانسمنٹ بونس):

16 سال میں، ای ایف یو لائف پلان میں ایک اضافی بونس کا اضافہ کردے گا جو کہ اوسطا ادا شدہ بنیادی پلان کے پریمیم کے 15 فیصد کے برابر ہوگا۔

### چائلڈ سپورٹ بونس:

پلان کی مدت کے دوران جمع ہونے والے فنڈ میں اضافے کے لئے پلان کے تحت قابل قدر 'چائلڈ سپورٹ بونس' فراہم کیا جاتا ہے۔ بشرطیکہ صارف یہ پلان بلاتعطل جاری رکھے۔ یہ بونس اوسط بنیادی پلان کی پریمیئم کی فیصد کے مطابق پالیسی کے گیارہویں، سولھویں اور اکیسویں سال میں ادا کیا جاتا ہے۔ متعین کردہ بونس حسبِ ذِیل ہیں۔

| پالیسی سال | مختص کردہ خیرخواہی بونس (٪) |
|---|---|
| 11 | 20فیصد |
| 16 | 30فیصد |
| 21 | 40فیصد |

### میچورٹی بینیفٹ:

پلان کی تکمیل پر جمع شدہ فنڈ کی نقد قدر یکمشت فراہم کی جاتی ہے۔البتہ شادی کے لئے فوری ضرورت نہ ہونے کی صورت میں یہ رقم ای ایف یو کے پاس زیادہ سے زیادہ ایک سال کے لئے جمع کروائی جاسکتی ہے۔ایک سالہ مدت مکمل ہونے پر، ای ایف یو لائف یہ جمع شدہ رقم اور "میچورٹی انویسٹمنٹ بونس" ادا کرے گی جو سالانہ اوسط پریمیم کا 20% ہوگا

### ضمنی فوائد:

انفرادی صارفین اپنی مرضی سے ضرورت کے مطابق پلان استعمال کرسکتے ہیں اور اس پلان کے ساتھ کئی اضافی فوائد بھی شامل کرسکتے ہیں۔

**ایکسیڈنٹل ڈیتھ بینیفٹ*:** بیمہ دار کی حادثاتی وفات کی صورت میں یہ ضمنی فائدہ (رائڈر) ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

**ایکسیڈنٹل ڈیتھ اینڈ ڈس ایبیلٹی بینیفٹ پلس:*** حادثاتی وفات یا معذوری کی صورت میں (جزوی یا مستقل) جو آپ کو مستقل طور پر معذور کردے، یہ اختیاری بینیفٹ ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

**ایڈیشنل ٹرم اشورنس:** بیمہ دار کی وفات کی صورت میں یہ رائڈر بنیادی پلان کے زرِ بیمہ کا 50 فیصد سے 200 فیصد تک ایک اضافی رقم مہیا کرکے بیمہ زندگی کے تحفظ کے درجے کو بڑھاتا ہے۔

**انکم بینیفٹ:** بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) کی وفات کی صورت میں یہ فائدہ اس کے اہل خانہ کو ایک بہترین معیار زندگی برقرار رکھنے کے لئے سہ ماہی آمدنی کی ادائیگی فراہم کرتا ہے۔

**ویور آف پریمیئم:** اگر بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) کسی بیماری یا حادثے کے باعث کوئی پیشہ اختیار کرنے سے قاصر ہو تو پریمیئم کی رقم ای ایف یو لائف ادا کرے گا۔

*کسی ایک حادثاتی رائڈر کا انتخاب کیا جاسکتا ہے۔

### یونٹ ایلوکیشن:

یونٹس میں سرمایہ کاری کے لئے پریمیئم کا تناسب پالیسی سال کے حساب سے مختلف ہوتا ہے اور ذیل میں درج ہے:

| پالیسی سال | ایلوکیشن | ایلوکیشن کی چارجز * |
|---|---|---|
| 1 | 55 فیصد | 45فیصد |
| 2 | 80فیصد | 20 فیصد |
| 3 | 90فیصد | 10فیصد |
| 4 اور اس سے زائد | 100 فیصد+ اطلاق بونس | 0 فیصد |

اضافی اختیاری پریمیئم کا 100 فیصد منتخب شدہ فنڈ میں یونٹس کی خریداری کے لئے مختص کیا جاتا ہے۔

*اوپر درج ٹیبل کے مطابق ہر سال ادا کئے گئے پریمیئم میں سے تخصیص کی فیس منہاء کی جائے گی اور بقایا رقم اکاؤنٹ ویلیو کو مختص کی جائے گی

## اضافی اختیاری پریمیم (فنڈ ایکسلریشن پریمیئم):

ایک باقاعدہ پریمیئم پلان ہے تاہم اس میں یہ سہولت بھی کہ آپ اس میں اضافی رقم اکٹھی جمع کرواسکتے ہیں۔ اس طرح اکٹھی رقم جمع کرانے کو اضافی اختیاری پریمیم کہتے ہیں۔ اس کی ادائیگی پالیسی مدت کے دوران کسی بھی وقت پلان کی نقد مالیت (کیش ویلیو) میں اضافے کا باعث بنتی ہے۔ انفرادی سرمایہ کاری۔ اضافی رقم بذریعہ اضافی اختیاری پریمیم پلان میں جمع کرواکر منتخب فنڈ سے حاصل ہونے والے منافع سے اٹھا سکتے ہیں۔ باقاعدہ بچت اور موقع بہ موقع اکٹھی رقم جمع کروانے کی سہولت آپکو معاشی آزادی فراہم کرتی ہے تاکہ آپ جس طرح چاہیں بچت کریں۔ اضافی اختیاری پریمیم کی کم از کم ادائیگی 24,000 روپے ہے۔

## بچت تک ہر وقت رسائی

یہ پلان آپکو جمع شدہ فنڈ تک مکمل رسائی فراہم کرتا ہے۔ تک باقاعدہ ادائیگی کے بعد آپ چاہیں تو اپنی رقم مکمل یا جزوی طور پر نکلوا سکتے ہیں۔

## مکمل دستبرداری:

آپ اگر چاہیں تو اپنے فنڈ کے تمام یونٹس کی نقد مالیت (کیش بیلیو) نکلوا سکتے ہیں۔ اس صورت میں آپکو یونٹس کی رقم اس وقت کی قیمت کے مطابق ادا کی جائے گی اور آپکا پلان منسوخ ہو جائے گا۔

## جزوی دستبرداری:

آپ چاہیں تو یونٹس کی محدود تعداد کی نقد مالیت (کیش ویلیو) نکلوا کر فنڈ کی مالیت (فنڈ ویلیو) سے جزوی طور پر دستبردار ہو سکتے ہیں۔ اس جزوی دستبرداری کی صورت میں آپکو کم از کم 20,000 روپے تک کی رقم فنڈ میں چھوڑنی ہوگی۔ جزوی دستبرداری کا اثر آپکی جمع شدہ رقم پر بھی پڑے گا۔

## افراطِ زر (انڈیکسیشن):

اس انتخاب کے تحت بغیر کسی میڈیکل ثبوت کے، ہر سال پریمیم پچھلے سال کے اصل بنیادی پلان کے پریمیم کا 5 فیصد اطلاق کردہ فوائد میں مناسب اضافے کے ساتھ 55 سال کی عمر تک بڑھ جائے گا

**دعوٰی (کلیم):** کسی بھی ناگہانی کی صورت میں، آپ اپنے دعوے (کلیم) کی اطلاع جے ایس بینک لمیٹڈ کی کسی بھی شاخ میں

جا کر، ای ایف یو ہیڈ آفس آ کر یا ملک میں ای ایف یو کی کسی بھی شاخ میں جا کر دے سکتے ہیں۔ فوری عمل درآمد کے لئے آپ ہمارے کال سینٹر 111-338-111-021 پر رابطہ کر سکتے ہیں یا ہماری ویب سائٹ پر موجود اطلاع فارم بھریئے اور ہمیں cod@efulife.com پر ای میل کر دیجئے یا آپ جے ایس بینک کے کال سینٹر 321 654-111-021 اور CCU.Helpdesk@jsbl.com پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ بعدازاں، اگلے مراحل سے آگاہ کرنے کیلئے آپ سے رابطہ کیا جائے گا۔

## (اخراجات) چارجز کیا ہیں؟

| چارجز | ریٹ/ پاکستان روپے میں |
|---|---|
| انتظامی اخراجات (ایڈمنسٹریشن چارج) | 90 روپے ماہانہ |
| بِڈ/آفر (بولی/پیشکش) سپریڈ | مختص شدہ بنیادی اور اضافی فنڈ پریمیئم کا 5 فیصد |
| سرمایہ کاری انتظامات اخراجات (انویسمنٹ منیجمنٹ چارج) | فنڈ قدر کا 0.125 فیصد ماہانہ |
| مورٹیلیٹی چارج (بیمہ کی مالیت) | ہر سال عمر پر مشتمل بیمہ حیات کے خطرے کے امکان کو مدنظر رکھتے ہوئے، مورٹیلٹی چارج لاگو ہوتا ہے جو سم ایٹ رسک کے تحت حاصل کیا جاتا ہے۔ البتہ جب کیش ویلیو سم کور سے بڑھ جائے تو مورٹیلیٹی کی مد میں کوئی رقم منھا نہیں کی جائے گی |
| فنڈ تبدیل کرنے کی فیس | 500 روپے |
| دستبرداری عمل درآمد فیس | 500 روپے |
| دستبرداری اخراجات | 100 فیصد پہلے سال کے لئے |
| تخصیص کی فیس | اوپر دی گئی یونٹ کی تخصیص کی ٹیبل |

## انتباہ:

- یہ پروڈکٹ ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ نے انڈر رائٹ کیا ہے۔ یہ پروڈکٹ جے ایس بینک لمیٹڈ یا اسکی ذیلی کمپنی کی نہیں اور نہ جے ایس بینک لمیٹڈ اس کا ضامن ہے۔
- آپ کے سرمائے میں اضافے کا انحصار فنڈ ز کی کارکردگی پر ہوتا ہے۔
- فنڈ میں ہونے والی تمام سرمایہ کاری مارکیٹ رسک سے مشروط ہے۔ فنڈ کی آئندہ کی کارکردگی کا لازمی دارومدار پچھلی کارکردگی پر نہیں ہوتا۔ کسی قسم کا پیشگی اندازہ ضروری نہیں کہ مستقبل کی ترجمانی کرے یا فنڈ ز کی ممکنہ کارکردگی کو بیان کرے اور نہ ہی ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ یا جے ایس بینک لمیٹڈ اس قسم کی کسی چیز کے ذمہ دار نہیں ہونگے۔ منتخب کردہ فنڈ میں سرمایہ کاری کا رسک بہرحال بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) پر لاگو ہوگا۔

- فوائد کی انفرادی وضاحت ہمارے کنسلٹنٹ کی طرف سے آپ کے لئے فراہم کی جائے گی ازراہِ کرم مختلف شرائط وضوابط کی تفصیلی وضاحت حاصل کرنے کے لئے پالیسی دستاویزات کا مطالعہ کریں، آپ کی جانب سے پلان کی شرائط وضوابط کی مکمل تفہیم مطلوب ہے۔
- پلان پر وہ ٹیکسز لاگو ہونگے جو ٹیکس قوانین کے مطابق ہوں
- معاہدے کے طریقے کار کی وضاحت شرائط وضوابط میں کی گئی ہے۔ یہ کتابچہ پروڈکٹ کی خصوصیات اور فوائد کا صرف عموعی خلاصہ پیش کرتا ہے
- جے ایس بینک محض اپنے گرانقدر صارفین کے لئے اس پروڈکٹ کی تشہیر اور تقسیم کر رہا ہے۔

**ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ**

ای ایف یو ہاؤس، پلاٹ نمبر 112، 8th اسٹریٹ، فیز ون، ڈی ایچ اے، کراچی، پاکستان۔

فیکس: 3453-7519 (021) ای میل: csd@efulife.com